سوال

(215)اذان سے پہلے اور بعد میں درود شریف کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اذان سے پہلے اور بعد میں دُرود شریف مشروع ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اذان کے بعد دُرود مشروع ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : « ثُمَّ صَلُّوا عَلَيَّ » البتہ ایک گروہ کا خاص الفاظ اور خاص انداز میں اذان کے بعد دُرود پڑھنا کتاب و سنت سے ثابت نہیں ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جب تم موذن کی آواز سنو تو موذن کو جواب دو اور جب اذان ختم ہو جائے تو پھر مجھ پر دُرود بھیجو ۔ پس تحقیق جو مجھ پر ایک بار دُرود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے ۔ (مسلم ، الصلاة ، باب استحباب القول مثل قول المؤذن)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02

محدث فتویٰ